Tarjuma Tul Quran Majeed - ICom Part 2 Tarjmatul Quran Chapter 13 Short Questions Test

Q1. سورۃ البقرہ کا مضمون کے بارے میں تحریر کریں-

Ans 1: سورۃ البقرہ کا مرکزی مضمون ہدایت ہے. سورۃالقبرہ کے بالکل شروع میں ان لوگوں کی صفات بیان کی گئی ہیں جو قرآن مجید سے ہدایت حاصل کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں- اس سورت مین واضح کیا گیا ہے کہ جس طرح پہلے اللہ تعالی انسانوں کی ہدایت کے لیے انبیائے کرام علیھم السلام کے زریعے سے کتابیں بھیجتا رہا ہے- اسی طرح اس نے حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم کو بھی قرآن مجید کے ساتھ مبعوث فرمایا ہے.- یہ واضح کیا گیا ہے کہ آپ خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لائے بغیر ایمان کا دعویٰ قبول نہیں- لہٰذا انسانوں کا حکم دیا گیا ہے کہ قرآن محید اور صاحب قرآن خاتم انبین صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لے آؤ اور ان کی کامل اطاعت کرو.

Q2. سورۃ ال عمران میں کس امت کو بہترین امت قرار دیا گیا ہے.

Ans 1: سورۃ ال عمران میں امت مسلمہ کو بہترین امت قرار دیا گیاہے.

Q3. مندرجہ زیل لفظ کے معنی تحریر کریں- ریب - یقیمون- ینفقون - یوقنون - ام - ختم

Ans 1: ریب - شک یقیمون - وہ قائم کرتے ہیں- ینفقون - وہ خرچ کرتے ہیں- یوقنون - وہ یقین رکھتے ہیں- ام - یا ختم - مہر لگادی

Q4. الفاظ کے معنی تحریر کریں- العلیا- چقال- یامرون- سیرحمھم- السابقون-

Ans 1: العلیا- اونچی ، بالا- ثقالا- بوجھل- یامرون- وہ حکم دیتے ہیں سیرحمھم- ان پر ضرور رحم فرمائے گا- السابقون- سبقت کرنے والے

Q5. سورۃ الانفال کو سورۃ الانفال کیوں کہا گیاہے.

Ans 1: اس سورت میں مال غنیمت کی تقسیم کے احکام نازل ہوئے ہیں- اسی مناسبت سے اس کا نام سورۃ الانفال ہے.

Q6. حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبین کے بارے میں کیا فرمایا.

Ans 1: حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سورۃ البقرہ پڑھا کرو اس کے پڑھنے میں برکت ، چھوڑنے میں حسرت اور بدنصیبی ہے اور اہل باطل (جادوگر، کاہن اور مکار) لوگوں کا اس پر بس نہیں چلتا (یعنی ان کا فریب اثر نہیں کرتا)-

---

Q7. سورۃ الانفال کب اور کہاں نازل ہوئی.

Ans 1: سورۃ الانفال دو ہجری کے لگ بھگ مدینہ منورہ میں غزوہ بدر کے بعد نازل ہوئی.

Q8. سورۃ الانفال کی روشنی میں سچے ایمان والے کون ہیں؟

Ans 1: سچے ایمان والے وہ ہیں جو اللہ تعالی کی راہ میں ہجرت اور اس کی راہ مین جہاد کرتے ہیں- وہ آپس میں خیر خواہی اور ضرورت کے وقت ایک دوسے کی مدد کرتے ہیں-

Q9. حضرت ابراہیم علیہ السلام کی کیا خصوصیت ہے.

Ans 1: حضرت آدم علیہ السلام کی پیدائش کا واقعہ بیان فرمایا گیا ہے تاکہ انسان کو اپنی پیدائش کا مقصد معلوم ہو.

Q10. الفاظ کے معنی تحریر کریں- اقترفتموھا- انفروا- متاع- ثانی اثنین- ایدہ- کلمتہ-

Ans 1: اقترفتموھا- تم نے انھیں کمایا- انفروا- تم نکلو- متاع- سمان، فائدہ ثانی اثنین- دو میں سے دوسرے - ایدہ- اس کی مدد فرمائی- کلمتہ- بات